NYC Public Schools

PS+YOU

From Chancellor **David C. Banks**

چانسلر David C. Banks کی جانب سے ایک خبرنامہ

قبولیت کو فروغ دینا

نیو یارک کے عزیز مکین،

الفاظ اثر رکھتے ہیں۔ ان میں طاقت ہے۔ یہ وہ خیال ہے جس پر ہم اکثر بطور معلمین اور والدین زور دیتے ہیں، چاہیں ہم اپنے طلبا کو مطالعے کی تعلیم دے رہے ہوں یا ان کی شہری سرگرمیوں کو فروغ دے رہے ہوں۔

میں حالیہ الفاظ کے انتخاب کو نمایاں کرنا چاہتا ہوں جس نے میری توجہ حاصل کی۔ چند ہی دنوں میں اپریل کا مہینہ شروع ہوگا، جو کہ آٹیزم کو قبول کرنے کا مہینہ ہے۔ اس مہینے کا مقصد صرف آٹسٹک افراد کو تسلیم کرنا ہی نہیں ہے۔ جیسا کہ نام سے صاف ظاہر ہے، مقصد اسے قبول کرنا ہے۔

ایک طریقہ جس سے ہم قبولیت کو فروغ دے سکتے ہیں وہ اسکا فہم حاصل کرنے کے ذریعے ہے۔ میں اپنے خصوصی تعلیم کے دفتر سے ایک خاص مثال نمایاں کرنا چاہونگا، جو اپنے Beyond Access Series میں عمدہ ویبینار کی میزبانی کرتا ہے۔ یہ ویبینارز معذوری کے حامل طلبا کی معاونت کے بارے میں معلومات کا اشتراک کرتے ہیں، اور جبکہ یہ خاندانوں کے لیے تشکیل دیے گئے ہیں یہ عملے اور برادری کے ممبران کے لیے بھی عمدہ وسیلہ ہیں۔

پچھلے ہفتے، ہمارے پاس سرٹیفائیڈ IEP والدین ممبر بننے کے لیے 5,000 شرکاء نے رجسٹر کروایا، ایسا کردار جس میں والدین طلبا کے IEP اجلاسوں میں دوسرے والدین کی اعانت اور وکالت کرتے ہیں۔ یہ خاندانوں کے لیے ایک اختراعی موقع

ہے کہ وہ اپنی مہارت اور فہم کو فروغ دیں اور ساتھ ہی اپنے ساتھی والدین کی مدد کریں— یہ ایک دوستانہ اور اپنائیت کی ثقافت تعمیر کرنے کا اچھا موقع ہے۔

جلد ہی ایک اور ویبینار آنے والا ہے، 8 اپریل کو۔ یہ متعلقہ خدمات تجاویز پر توجہ مرکوز کرتا ہے، اور میں دلچسپی رکھنے والے خاندانوں اور عملے کی آج ہی رجسٹر کرانے کی حوصلہ افزائی کرتا ہوں۔ اور آپ ہمیشہ ہماری ویب سائٹ پر ہمارے خصوصی تعلیم کے از سرِ نو تصور کے بارے میں جاننے کے لیے جا سکتے ہیں، جیسے زیادہ اینائیت کی زبان کا استعمال اور ہمارے Nest, Horizon اور AIMS پروگراموں میں توسیع جو آٹسٹک طلبا کو انکے مضافاتی اسکولوں میں تعلیم دیتے ہیں۔

اس ماہ، ہم قبولیت پر توجہ مرکوز کرتے ہیں۔ ہم چاہتے ہیں کہ ہمارے تمام بچے ایسا محسوس کریں، انکی پہچان یا پسِ منظر سے قطع نظر۔ ہمیں سوشل میڈیا پر nycschools@ پر فالو کریں اس بارے میں مزید جاننے کے لیے کہ ہم اپنائیت کو کس طرح فروغ دے رہے ہیں – مارچ میں خواتین کی تاریخ کا مہینہ منانے سے عرب امیریکن ثقافت کے مہینے کو اعزاز دینے تک، اس اپریل ہی میں– اور یہ کہ ہم کس طرح یقینی بنا رہے ہیں کہ ہر ایک کو دیکھا، سنا اور بلند حوصلہ کیا جائے۔

مائل بہ پرواز،

David C. Banks

چانسلر

ہماری مرکزِ توجہ وڈیو:

ترجموں کے لیے، برائے مہربانی ہمارے YouTube صفحے پر جائیں۔

NYCPS کی تازہ ترین خبروں کے لیے ہمیں آن لائن X، فیس بُک اور انسٹا گرام پر فالو کریں۔

اور یہاں پر میئر Eric Adams کی ہفتہ وار وڈیو ہے۔ اگر آپ میئر کے دفتر سے براہِ راست جدید معلومات موصول کرنے میں دلچسپی رکھتے ہیں، براہِ مہربانی یہاں کلک کریں۔

ترجمہ شدہ تحریر (سب ٹائٹلز) تک رسائی کے لیے: "CC" کے آئیکان پر کلک کریں۔ "Settings" آئیکان پر کلک کریں اور "Subtitles/CC" منتخب کریں۔ "Auto Translate" منتخب کریں اور اپنی زبان منتخب کریں۔

NYCPS خاندان: اگر آپ مزید PS+You خبرنامہ موصول نہیں کرنا چاہتے، برائے مہربانی ان سبسکرائب کریں۔